آگے بڑھانے کا ذریعہ بنے گا۔

۸۰ کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل اس جریدہ کی قیمت ۲۰ روپے اور سالانہ زر خریداری ۸۰ روپے ہے اور رابطہ کے لیے پوسٹ بکس 1711 لاہور کے پتہ پر خط وکتابت کی جا سکتی ہے۔

غیر مقلدین کے متضاد فتوے

ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے مقلدین پر غیر مقلدین کی طرف سے اکثر اعتراض کیا جاتا ہے کہ ان کے مسائل اور فتووں میں تضاد ہے حالانکہ مسائل واحکام میں فقہی اختلاف ایک طبعی اور فطری امر ہے۔ مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے استاذ حدیث مولانا عبد القدوس قارن نے اس کتابچہ میں غیر مقلد علما کے مسائل اور فتاویٰ کے باہمی تضاد کو بے نقاب کیا ہے اور باحوالہ نشان دہی کی ہے کہ مقلدین پر اختلافات کا الزام لگانے والوں کے باہمی اختلافات کی کیا حالت ہے۔

صفحات: ۱۰۰۔ قیمت: ۲۷ روپے۔ ملنے کا پتہ: عمر اکادمی نزد گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ

فری میسنری۔ اسلام دشمن خفیہ یہودی تنظیم

معروف دانش ور جناب بشیر احمد نے، جن کی تصانیف: ۱۔ بہائیت، ۲۔ احمدیہ موومنٹ اور ۳۔ قادیان سے اسرائیل تک شائع ہو کر اہل علم سے داد تحقیق وصول کر چکی ہیں، فری میسنری تحریک اور اس کی سرگرمیوں پر قلم اٹھایا ہے اور ساڑھے تین سو صفحات کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل زیر نظر کتاب میں فری میسنری کے آغاز، طریق کار، مختلف ممالک میں اس کی سرگرمیوں اور خاص طور پر خلافت عثمانیہ کے خاتمہ اور اسرائیل کے قیام میں اس کے کردار کو بے نقاب کیا ہے۔

اس کتاب کی قیمت دو سو روپے ہے اور اسلامک اسٹڈی فورم پوسٹ بکس 639 راول پنڈی سے طلب کی جا سکتی ہے۔